کے بعد یہ دوسری کتاب ہے جس کے پڑھنے سے ایمان میں حرارت، قوتِ عمل میں جوش اور اسلامی جذبات وحیات میں گرمی پیدا ہوتی ہے۔ اور علماء ہند کی زندگی کا ایک نہایت اہم اور روشن رُخ سامنے آجاتا ہے۔ علماء ہند کے حالات کے استیعاب میں جو کمی رہ گئی ہے اُن کی خدمات کا بھی ذکر کر دیا جائیگا۔

خاکسار تحریک مذہب و سیاست کی روشنی میں | از مولانا محمد منظور نعمانی اڈیٹر الفرقان بریلی

تقطیع کلاں کتابت طباعت اور کاغذ بہتر ضخامت ۱۲۰ صفحات قیمت ۸ ر پتہ:۔ دفتر الفرقان بریلی۔

خاکسار تحریک عہد حاضر میں مسلمانانِ ہند کے لیے سب سے بڑا فتنہ ہے۔ اس کی ظاہری ٹیپ ٹاپ ایسی دلفریب ہے کہ بعض سادہ لوح اور حقیقتِ حال سے بے خبر مسلمان بری طرح اس کا شکار ہو جاتے ہیں۔ مولانا نعمانی نے اسی کی قلعی کھولنے کے لیے یہ کتاب تصنیف کی ہے جس میں مذہبی اور سیاسی دونوں پہلوؤں سے اس تحریک کی رکاکت و مضرت پر تفصیلی اور مدلل بحث کی ہے اور خود بانی تحریک کے اقوال و افعال اور اُس کی تحریروں سے ثابت کیا ہے کہ اس تحریک کی بنیاد مغلسطہ، مکروفریب، جھوٹ، دروغ گوئیوں، اور تہمت تراشیوں پر قائم ہے۔ جو نوجوان اس تحریک کے ورزشی اور نام نہاد تنظیمی پروگرام سے مرعوب ہیں اُنہیں اس کتاب کے مطالعہ سے واضح ہوگا کہ خاکسار تحریک گو بظاہر جسموں کو موزوں اور مضبوط بنانا چاہتی ہے مگر دراصل وہ اسلامی روح کو درپردہ کس طرح مضمحل کر کے اس میں زہریلے جراثیم پیدا کر رہی ہے۔ خاکسار تحریک کے اس شور و غل کے زمانہ میں ہر مسلمان کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا ضروری اور ازبس مفید ہوگا۔

حج کی کتاب | از مولانا محمد صدیق صاحب نجیب آبادی۔ پاکٹ سائز ضخامت ۲۰۸ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ متوسط۔ مدرسہ صدیقیہ پھاٹک حبش خاں دہلی سے مفت ملتی ہے۔ بیرونی اصحاب کو محصول ڈاک بھیجنا چاہیے۔ اس کتاب میں حج عمرہ اور زیارت مدینہ طیبہ کے ضروری